شوہر کے ناجائز تعلقات کی وجہ سے نکاح ختم ؟

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ میرا شوہر غیر عورتوں سے زناکرتا ہے ؟ کیا میرا نکاح اس سے ختم ہوگیا ؟اور اگر ختم نہیں ہوا تو کیا میں خلع لے سکتی ہوں؟

سائل عابدہ انگلینڈ

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

غیر نکاح کے کسی عورت سے شہوت پوری کرنا حرام اور سخت ترین گناہ ہے، لہٰذا اگر واقعتًا مذکورہ شخص نے یہ گناہ کیا ہے تو اسے فوری طور پر سچے دل سے توبہ کرنا ضروری ہے لیکن اس گناہ کی وجہ سے آپ کا اس سے نکاح ختم نہیں ہوا کہ نکاح ختم ہونے کے لیے شوہر کا اپنی بیوی کو طلاق دینا، یا بیوی کا شوہر کی رضامندی یا منظوری سے خلع لینا، یا شرعی وجوہات کے مطابق تنسیخ نکاح کرانا شرعًا ضروری ہوتاہے۔

اور اگر شوہر اپنی بیوی کے حقوق ادا نہیں کرتا اور نان و نفقہ نہیں دیتا تو بیوی اپنے شوہر سے طلاق کا مطالبہ کرسکتی ہے، پس اگر وہ طلاق پر راضی نہ ہو تو بیوی اپنے مہر کے عوض میں اس سے خلع حاصل کرسکتی ہے۔

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری**

**خادمِ دارالافتاء یوکے**

Date:30-04-2021

## Does a Nikāh become invalid because of the husband committing impermissible actions?

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ

**QUESTION:**

**What do the scholars of Islām and Jurists of the Sacred Law state regarding the following issue: My husband has committed adultery with other women - has my marriage with him finished; and if it has not finished, can I apply for Khul'?**

Questioner: Sister from England, U.K.

**ANSWER:**

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَ وَالصَّوَاب

To fulfil one's desires with other women who are outside of one's marriage is Harām [unlawful] and an extremely severe sin. Therefore, if the aforementioned individual really has committed this sin, then it is essential for him that he sincerely wholeheartedly repents straightaway. However, the marriage has not finished because of this sin; for the marriage to finish, either the husband must divorce the wife, or the wife consensually asks her husband for the marriage to be finished via the process of Khul', or the marriage is dissolved & nullified due to Islamic legal reasons [Faskh].

However, if the husband does not fulfil his wife's rights and does not provide the expenditures, then the wife can request a divorce from her husband. But if he does not consent to divorce, then the wife can separate from him by handing back her dowry through the Khul' process.

واللہ تعالی أعلم ورسولہ أعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ أبو الحسن محمد قاسم ضیاء القادري

**Answered by Muftī Qāsim Ziyā al-Qādirī**
Translated by Haider Ali